# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغراقبالی

- جھوٹ اور بات ہے۔ڈپلومیسی اور چیز ہے۔(ایک ٹی وی دانشور)

بدمعاشی اور چیز ہے،غنڈہ گردی اور چیز ہے۔

- گرفتاری،موت سے نہیں ڈرتا۔(سابق صدر پرویز مشرف)

قوم آپ کی جلدوطن واپسی کی منتظر ہے۔

- ستمبر میں فیس بک پرقرآن پاک (نعوذباللہ) جلانے کا مقابلہ کرانے کا اعلان(Everybodyburn Quran) (ایک خبر)

اوراس طرح کی باتیں پڑھنے کے بعد بھی ہم زندہ ہیں!

- ڈاکٹر بن کرعوام کی خدمت کرنا چاہتا ہوں۔(میٹرک کے ایک پوزیشن ہولڈر کا بیان)

ڈاکٹر ہی بننا،قصائی نہ بننا

- دوست ممالک کو پاکستانی قیادت پرعدم اعتماد نہیں۔(قمرالزماں کائرہ)

اسی لیے غیرممالک اور عالمی ادارے امدادمتاثرین پر براہِ راست خرچ کررہے ہیں۔

- جنوبی پنجاب کے مدرسے،دہشت گردی کے تربیتی مراکز نہیں مگرنرسری کا کام ضرورکررہے ہیں۔(حامد سعید کاظمی)

اسی نرسری میں پل کرآپ بھی جوان ہوئے ہیں۔

- صدر ملک میں ہوتے تو کیا سیلاب رک جاتا یا وہ اپنی قمیض اتار کرمصیبت زدگان کودے دیتے تو اُن کے تن ڈھک جاتے؟(فیصل رضاعابدی)

فکرِ ہرکس بقدرِ ہمتِ اوست!

- جوتا سیاست ختم ہونی چاہیے۔تختِ لاہورسیلاب پر سیاست کررہا ہے۔(بابراعوان)

دھوکے باز سیاستدانوں کوعوام جوتے،ٹماٹر مار کر اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہیں۔(جاوید ہاشمی)

- صدرزرداری کی سفارش اورزرداری ہاؤس دبئی کے حکم پر،۱۵۰ بھارتیوں اور ۸۶،امریکیوں کودستاویزات کی جانچ کیے بغیرویزے جاری کیے گئے۔(ایک خبر)

بلاتبصرہ!